© rasailojaraid.com



ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

مؤلف کتاب جناب طالب ہاشمی صاحب نے اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق جو مختلف مضامین تحریر کئے تھے یہ انہیں کا مجموعہ ہے اور اسکے ساتھ انہوں نے مزید مضامین ومقالات کا اضافہ کر کے ان کو کتابی شکل دی ہے جس سے نہ صرف سیرت کی کتابوں میں معتد بہا اضافہ ہوا ہے بلکہ اردو دان طبقہ پر آپ کا یہ ایک بڑا احسان ہے انشاء اللہ اس کے مطالعہ سے قارئین عشق رسول ﷺ کے مہکتے گلشن میں داخل ہو کر ذوق ووجدان کو ایک کیف اور خوشبو سے شرف یاب کریں گے۔ الغرض یہ کتاب خطباء طلبہ، معلمین، مقررین اور مدرسین کیلئے ایک گراں بہا تحفہ اور بیش قیمت سوغات ہے باطنی حسن اور دل آرائی کے ساتھ کتاب ظاہری طور پر بھی انتہائی دیدہ زیب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**رحمت کائنات ﷺ** : شیخ التفسیر حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی قدس سرہ۔

**ضخامت** : ۵۱۲ صفحات۔ گیارہواں ایڈیشن۔ قیمت: ۔/۱۰۰ روپے۔

**ناشر** : ادارہ تحفظ حقوق نبوت مدنی روڈ اٹک شہر

زیر تبصرہ کتاب شیخ التفسیر حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب قدس سرہ کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو آپ نے دار العلوم دیوبند کے ترجمان ماہنامہ "دار العلوم" کیلئے بعنوان "سیرت مقدسہ کا اعجازی پہلو" تحریر کئے تھے۔ اس عنوان کی تشریح یہ تھی کہ جو سعادت مند سید دوعالم کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو وہ یقین کرے کہ اس نے سید دوعالم کو خواب میں دیکھا۔ انہی دنوں بعض حضرات نے دیوبندیت کی آڑ میں حیات انبیاء علیہم السلام جس پر امت کا اتفاق ہے کی مخالفت شروع کی، جس کی وجہ سے دار العلوم دیوبند کے متعلقین میں اضطراب کا پیدا ہونا ایک فطری امر تھا۔ چنانچہ ماہنامہ "دار العلوم" کے مدیر شہیر ابن الانور سید محمد ازہر شاہ صاحب قیصر نے حضرت قاضی صاحب کو اس موضوع پر مزید لکھنے کی فرمائش کی۔ چنانچہ یہ سلسلہ بالاقساط ماہنامہ دار العلوم میں چھپتا رہا۔ بعد میں ان مضامین کو یکجا کر کے پہلی بار ۸۷ صفحات پر



© rasailojaraid.com